Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 7 Short Questions Test

Q1. سورۃ التوبہ کے دو نام تحریر کریں-

Ans 1: مفکرین نے اس سورت کے مختلف نام زکر کیہے ہیں لیکن زیادہ مشہور نام ہیں- سورۃ التوبہ اور سورۃ البراءۃ ہے.

Q2. سورہ البقرہ کی فضیلت بیان کریں

Ans 1: سورۃ البقرہ بہت فضیلت والی سورت سے ہے- صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنھم کے زمانے میں یہ شخص سورۃ البقرہ اور سورۃ ال عمران کا عالم ہوتا تھا اسے بہت عظیم اور لائق تکریم شمار کیا جاتا تھا.

Q3. لفظ کے معنی لکھیں- قعودا- سبحنک- اخزیتہ- منادی- سیاتیا- لاتخزنا- المیعاد-

Ans 1: قعودا- بیٹھے بیٹھے- سبحنک- تو پاک ہے- اخزیتہ- تونے اسے رسوا کردیا منادی - پکارنے والا- سیاتنا- ہمارے برائیاں - لاتخزنا- ہمیں رسوا مت کرنا المیعاد- وعدہ

Q4. سورۃ آلتوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ التوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے نویں سورت ہے.

Q5. سورۃ الانفال کا مرکزی مضمون کیا ہے.؟

Ans 1: سورۃ الانفال کا مرکزی مضمون " اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کے آداب و فضائل کا بیان اور صلح و جنگ کے احکام کی وضاحت" ہے. سورۃ الانفا میں اللہ تعالیٰ نے اپنے انعامات بھی یاد دلائے ہیں- مسلمانوں نے جس جاں نثاری کے ساتھ یہ جنگ لڑی ان کی تعریف اور حوصلہ افزائی بھی فرمائی ہے- ساتھ ساتھ ان کمزرویوں کی نشان دہی بھی کی گئی ہے جو اس جنگ میں سامنے ائیں - ائندہ کے لیے ایسی ہدایات بھی دی گئی ہیں جو ہمیشہ مسلمانوں کی کامیابی اور فتح و نصرت کا سبب بن سکتی ہیں- جہاد اور مال غنیمت کی تقسیم کے بہت سے احکام اس سورت میں بیان ہوئے.

Q6. غزوہ تبوک میں منافقین کا کیا کردار تھا؟

Ans 1: حضرت ﷴ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے منافقین کے سردار عبداللہ بن ابی کو اس کے تمام منافق ساتھیوں سمیت لشکر سے نکال باہر کیا- اہل ایمان نے اپنی طاقت سے بڑھ کر ایثار کا مظاہرہ کیا اور پکی ہوئی فصلوں کو چھوڑ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے ساتھ روانہ ہوگئے.

Q7. الفاظ کے معنی تحریر کریں- العلیا- چقال- یامرون- سیرحمھم- السابقون-

Ans 1: العلیا- اونچی ، بالا- ثقالا- بوجھل- یامرون- وہ حکم دیتے ہیں سیرحمھم- ان پر ضرور رحم فرمائے گا- السابقون- سبقت کرنے والے

Q8. سورۃ البقرہ کا مضمون کے بارے میں تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ البقرہ کا مرکزی مضمون ہدایت ہے. سورۃالقبرہ کے بالکل شروع میں ان لوگوں کی صفات بیان کی گئی ہیں جو قرآن مجید سے ہدایت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں- اس سورت مین واضح کیا گیا ہے کہ جس طرح پہلے اللہ تعالی انسانوں کی ہدایت کے لیے انبیائے کرام علیھم السلام کے زریعے سے کتابیں بھیجتا رہا

ہے- اسی طرح اس نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی قرآن مجید کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے.- یہ واضح کیا گیا ہے کہ آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے بغیر ایمان کا دعوئ قبول نہیں- لہذا انسانوں کا حکم دیا گیا ہے کہ قرآن محید اور صاحب قرآن خاتم انبین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آؤ اور ان کی کامل اطاعت کرو.

Q9. غزوہ تبوک میں مسلمانوں کا مقابلہ کس سے تھا؟

Ans 1: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے اعلان جہاد فرمایا . صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو حکم دیا کہ ملک شام جاکر قیصر روم کی افواج سے مقابلہ کیا غزوہ تبوک میں حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اگر یہ اقدام نہ فرماتے تو اسے اسلام اور مسلمانوں کی کمزوری سمجھا جاتا- منافقین نے مسلمانوں کو بددل کرنے کی بھرپور کوشش کی لیکن وہ اپنے اس مذموم ارادے مین کامیاب نہ ہوسکے.

Q10. حضرت مریم علیہ السلام کے والد کا نام کیا تھا.

Ans 1: حضرت عمران ،حضرت مریم علیہ السلام کے والدکا نام تھا.